www.mashriquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
بانی عبدالحق، عبدالستار شاہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | بتاریخ 17 صفر 1448ھ بمطابق 2026ء اگست | صفحات 08 | شمارہ 20

PTCL081-2827345
081-2827344
Email. mashriqqta2003@gmail.com

رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 40 روپے

امن کا سورج پاکستان کو نقصان پہنچانے والوں کے عزائم قیامت تک کامیاب نہیں ہونگے، وزیراعلیٰ

طلوع ہو رہا ہے

فورس کے جوان جانیں قربان کر کے عوام اور صوبے کے تحفظ کو یقینی بنا رہے، شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، بلوچ قوم اور نوجوانوں کو ایک لاحل جنگ میں دھکیلا گیا، جس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا

جس طرح معصوم لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے اسے کسی مہذب معاشرے میں کوئی اچھی نظر سے نہیں دیکھتا، جن کے ہاتھ ہمارے لوگوں کے خون سے رنگے ہیں انہیں سرنڈر کرنے کی دعوت اور موقع دیتے ہیں

ملک کو ہمیشہ قربانی دینے والوں نے مستحکم بنایا، ہمارے بہادر شیروں کی موجودگی میں اس کو کوئی بھی غیر مستحکم نہیں کر سکتا، میر سرفراز بگٹی، اے ایف سی کے 20 جوان شہید ہوگئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے استعداد کار کو بڑھاتے ہوئے انہیں جدید تربیت اور ساز و سامان سے آراستہ کرنے کے علاوہ ہی ڈی ایز اور ایس او ڈیلیوٹی کو انہیں اور دیگر مراعات بھی بڑھا رہے ہیں فورس کے جوان اپنی جانیں قربان کر کے عوام اور صوبے کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہے بلوچ قوم اور نوجوانوں کو ایک لاحل جنگ میں دھکیلا گیا ہے جس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، ہمارے بہادر شیروں کی موجودگی میں کوئی بھی ہمیں غیر مستحکم نہیں کر سکتا، میر سرفراز بگٹی، اے ایف سی کے 20 جوان شہید ہوگئے اور تو اقیامت پاکستان کو نقصان پہنچانے والوں کے عزائم کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے اے ایف سی اسکول کے 15 کروڑ روپے دینے کا اعلان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے ایف سی کے 20 ویں جیک پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر 3 خواتین اہلکاروں سمیت 284 اہلکاروں کی تربیت مکمل ہونے کے موقع پر منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر محمد بخت محمد کاکڑ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، کمانڈنٹ اے ایف ایف ٹریننگ سکول کرنل (ر) اسد فاروق، ایڈیشنل آئی جی جاوید علی خیر، ڈی آئی جی ہی ڈی اختر الزاہد گورایہ، کمانڈنٹ پی ٹی ایس ڈاکٹر ذرجان زاہد، اے ڈی جی بی پی ایل شاہ نواز، اے آئی جی برائے ہیلتھ کیئر، اے آئی جی اسرار عمرانی، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ محمد بلوچ، ایس پی فی نوازخٹک، ایس پی زبیر احمد درانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کی اے ایف ایف..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

18 لاکھ بچوں کو دوبارہ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کا فیصلہ

غیر ہی تعلیم کا منصوبہ محکمہ سماجی بہبود کی زیر نگرانی ہوگا، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان حکومت نے صوبے میں وسیع پیمانے پر غیر رسمی تعلیم کے نفاذ کا فیصلہ کر لیا۔ غیر رسمی تعلیم کے نفاذ کا فیصلہ چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا۔ مختلف وجوہات کی وجہ سے رسمی تعلیم سے محروم 18 لاکھ بچوں کو دوبارہ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں گے..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

سورنج، جاں بحق ہونیوالے مزدوروں کی میتیں آبائی علاقوں کو روانہ کی جا رہی ہیں

سورینج 34 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں، وزیراعلیٰ کا نوٹس، رپورٹ طلب

گزشتہ روز زہریلی گیس کے باعث دھماکے سے کان بیٹھ گئی، 42 سے زائد کان کن پھنس گئے تھے، 3 کو بحفاظت نکال لیا گیا

جاں بحق ہونیوالے اکثر مزدوروں کا تعلق شانگلہ سے تھا، لواحقین کو فی کس 5 لاکھ اور زخمیوں کو 3 لاکھ روپے معاوضہ دینے کا اعلان

تحقیقات میں غفلت، کوتاہی یا حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر مانگان) کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے بعد پھنسے 34 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں۔ گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں گیس کے باعث دھماکے کے..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سیاستدان عوام کو شعور دیں، شش و پنج میں مبتلا نہ کریں، ایلیٹ کلاس اور سردار بلوچستان کی ترقی کیخلاف ہیں، پاکستان محافظ حرمین الشریفین ہے، میڈیا کو بریفنگ

موجودہ سیٹ اپ میں مسئلہ ہے جو صحیح مذاکرات ممکن ہیں، مشترکہ ہتھیار ڈال دیں، یہ ختم کرینگے، ڈی جی آئی ایس پی آر

ڈیلیور نہیں کر رہا

ہم پارٹ اسٹیک نہیں، ریاست سے وفاداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، پاکستان ہی ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے، ہر پاکستانی کی پہلی اور بنیادی شناخت پاکستان ہونی چاہیے کہ صوبائی، لسانی وابستگی

محسن نقوی کا بیان ان کی ذاتی رائے، پاکستان کی سیکورٹی کیلئے گڈ گورننس بہت ضروری ہے، کیورٹی اور سیفٹی کا دارو مدار گڈ گورننس پر ہے، ریاست ہوگی تو سیاست، شناخت اور تمام ادارے قائم رہیں گے

سیکورٹی فورسز نے رواں سال اب تک دہشتگردی کے خلاف 40348 آپریشن کیے، 2084 مصدقہ دہشت گرد مارے گئے، دہشتگردوں کو سمجھ آ گیا ہے کہ اب ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی

معرکہ حق میں ناکامی کے بعد دشمن نے بلوچستان پر توجہ مرکوز کی، بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا دہشت گردی ہے، جن مسنگ افراد کی فہرستیں دی جاتی ہیں وہ کہیں لڑائی میں مارے جاتے ہیں

طالبان حکومت دہشت گردوں کی مدد کر رہی ہے اور بم دھماکوں میں بھی زیادہ تر افغان باشندے ملوث پائے گئے، بلوچستان سے متعلق منفی پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ہر سپاہی قوم کا فخر، پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے، بلاول بھٹو

جو اپنا آج ہمارے کل کیلئے قربان کر رہے ہیں انکی عزت ہم سب کی ذمہ داری ہے، جوانوں کی قربانیوں کو بھی نہیں بھلایا جا سکتا

الیکشن کمیشن 2 اگست سے پہلے دھاندلی سے متعلق تمام شکایات کی کھلی عدالت میں سماعت کرے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کی فوج ہماری ریڈ لائن ہے۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر جاری ایک ویڈیو بیان بلاول بھٹو نے کہا کہ کشمیر کی سرحد پر کھڑا ہمارا سپاہی جان خطرے میں ڈال کر پاکستان کی حفاظت کرتا ہے، میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ پاکستان کی فوج ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہمارے سپاہی کسی سیاسی بحث کا..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ذوالفقار علی بھٹو کے نواسے بلاول بھٹو زرداری کا اپنے فوجی جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

عوام کو ایندھن کی بلا تعطل فراہمی، منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا ترجیح، وزیراعظم

ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو فعال بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی گہری نگرانی کا نظام وضع کیا جائے

جدید ٹیکنالوجی سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے

افسران کی استعداد میں اضافے کیلئے فنی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو ایندھن کی بلا تعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو فعال بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی گہری نگرانی کا نظام وضع کیا..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کشمیر ریاست کا سب سے لاڈلا بچہ ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

مسئلہ کشمیر کو سمجھنے کے لیے بنیادی حقائق کو مدنظر رکھنا ضروری ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

راولپنڈی (یوسف رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا ہے کہ کشمیر ریاست کا سب سے لاڈلا بچہ ہے، اور یہ پاکستان کی شہ رگ تھا اور..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، آئی جی بلوچستان

عوام کے تحفظ اور دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پولیس دیگر اداروں کیساتھ ملکر مشترکہ طور پر ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے، محمد طاہر

تین خواتین اہلکاروں نے انسداد دہشتگردی کورس میں مردوں کے شانہ بشانہ تربیت حاصل کی، قوم کی بیٹیوں پر فخر ہے، محمد طاہر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے۔ پولیس شہداء..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سورنج، جاں بحق ہونیوالے مزدوروں کی میتیں نکالنے کیلئے لوگ اوزاروں میں مصروف ہیں

فلسفہ شہادت کے پیچھے آپ کی افواج اور پولیس کھڑی ہے

شہیدوں کے بارے میں مولانا کی بات ناقابل فہم ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (یوسف رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ شہیدوں کے بارے میں مولانا نے جو بات کی وہ ناقابل فہم..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

60 ہزار تارکین وطن اسپین میں داخل، 40 جاں بحق

سینا میں جو ہوا وہ ہماری خودمختاری کیخلاف تھا، پیپلز پارٹی وزیراعظم

روزمرائش سے غیر قانونی تارکین وطن کے اسپین کے شہر سیوٹا میں غیر قانونی داخلے کی کوشش کی اور تقریباً 60 ہزار..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سورنج واقعہ کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں گی، میر ضیاء لانگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر شدید حملوں کا اعلان کر دیا

امریکی فوج ایران پر بڑے حملے کرے گی، ایران کی فوجی صلاحیتیں بری طرح متاثر ہوئیں، ایرانی میزائل کم ہو چکے ہیں

ایران کے ساتھ لڑائی میں ہمیں برتری حاصل ہے، آخر کار ایران کے پاس واپس جانے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچے گا، لیفٹیننٹ

واشنگٹن (مرذا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران پر مزید شدید حملوں کا اعلان کر دیا۔ کابینہ کا اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوج ایران پر شدید حملے کرے گی، ایران کی فوجی صلاحیتیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں، 5.4 ماہ پہلے کے مقابلے میں ایران کے میزائل نمایاں طور پر کم ہو..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ سورنج: متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں شریک ہیں، شاہد رند

متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ذریعے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں، معاون اطلاعات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر اطلاعات بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و میڈیا کوآرڈینیشن شاہد رند نے کہا ہے کہ سورنج میں کوئلہ کان کے انہوں نے کہا کہ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالحلیم کاکڑ کی پیشہ ورانہ سوچ ہر داغ سے پاک تھی، چیف جسٹس

شہید نے اپنی پوری زندگی غیر متزلزل دیانت، بے لوث وابستگی، انتھک محنت اور بے مثال جرات کیساتھ انصاف فراہم کیا

دوران فرائض اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، جسٹس کامران ملاخیل و دیگر، شہید کرنیل محمد زمان کو خراج عقیدت پیش

خیبر کی کھلی کا ایک اجلاس چیف جسٹس جسٹس محمد کامران خان ملاخیل..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) مطا کرنے کی منظوری

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کمانڈر ایفیشن سٹریٹیک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) مطا کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) مطا کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) مطا کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ بیان کے مطابق..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان میں پولیس وین پر فائرنگ، 2 اہلکار شہید

ڈی آئی خان (یوسف رپورٹ) ڈپوٹ اسماعیل خان میں پولیس وین پر فائرنگ سے اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید ہو گئے۔ سی ڈی کے ذرائع کے مطابق یہ واقعہ ڈی آئی خان کے علاقے درابن میں شاہ عالم موڑ پر..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بورڈ آف پیس نے غزہ جنگ بندی پر عملدرآمد کا روڈ میپ جاری کر دیا

14 روز کے اندر عملدرآمد کیلئے عبوری فورس تیار کیا جائے گا، منصوبے پر مرحلہ وار عمل ہوگا، اسرائیل ذمہ داریاں پوری کرے، بورڈ

اسرائیل غزہ سے فوجی انخلا، سمیت معابدے پر عملدرآمد کرے، اپنے ہتھیار ایک فلسطینی انتظامی کمیٹی کے حوالے کر دیگی، حماس

غزہ (مرذا) غزہ میں قیام امن کے لیے قائم بورڈ آف پیس نے جنگ بندی پر پہلی ذمہ داری کے طور پر جامع روڈ میپ جاری کر دیا۔ اس کے تحت 14 روز کے اندر عمل درآمد کے لیے ہائر فریم تیار کیا جائے گا، جنگ منسوخ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاسداران انقلاب کے 5 ارکان کی لاشوں کی تصاویر جاری

اہلکاروں کی لاشیں سرحدی گزرگاہ مہران کے ذریعے ایران پہنچیں

پانچوں افراد عراق میں سعودی و امریکی حملوں میں مارے گئے تھے

تہران (مرذا) ایرانی میڈیا نے پاسداران انقلاب کے ان پانچ ارکان کی لاشوں کی تصاویر جاری کی ہیں جو عراق میں سعودی عرب اور امریکہ کے حملے میں مارے گئے تھے۔ سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق عراق میں ہلاک ہونے والے پاسداران انقلاب کے اہلکاروں کی لاشیں سرحدی گزرگاہ مہران کے ذریعے ایران پہنچیں۔ حالیہ دنوں میں سعودی عرب اور امریکہ نے عراق میں ایران سے منسلک ملیشیا فورسز کے خلاف حملے کیے ہیں۔ یہ کارروائیاں سعودی خفیہ معلومات پر مبنی تھیں جو امریکہ کو موصول ہوئی تھیں۔ یہ کارروائیاں سعودی عرب کے جواب میں کی گئی ہیں۔..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے سوئٹزر سینیٹر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی کانیں مزدوروں کیلئے موت کا کنواں بن گئیں

4 سال میں حادثات کے دوران 383 کانکن جان کی بازی ہار چکے

حکمہ مائنز اینڈ منرلز بلوچستان کی رپورٹ نے سنگین سوالات اٹھا دیے

کوئٹہ (وائس اے) محکمہ مائنز اینڈ منرلز بلوچستان کی رپورٹ نے صوبے میں کان کنوں کی حفاظت، مانیٹرنگ قوانین پر عمل درآمد اور سرکاری نگرانی کے نظام پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سال 2021 سے 2025 کے دوران بلوچستان بھر میں مختلف کوئلہ کانوں اور دیگر معدنیات کی کانوں میں پیش آنے والے حادثات..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول 12، ڈیزل کی قیمت میں 66 پیسے کی کمی کی

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ پیٹرول کی ذخیرہ اندوزی کے خدشات کے پیش نظر حکومت نے 3 اگست کیلئے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی ہسپتال منتقلی درخواست پر رجسٹرار کے اعتراضات کا علم

چیف جسٹس سپریم کورٹ نے ایپل سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم دے دیا

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی سے متعلق..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

اہل پی جی کی قیمتوں میں 12 روپے 89 پیسے اضافہ، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے اہل پی جی کی قیمتوں میں 12 روپے 89 پیسے فی کلو اضافہ کر دیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اہل پی جی کی نئی..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

حالیہ بارشوں کے دوران بلوچستان میں 10 افراد جاں بحق

4 کا تعلق ژوب، 3 خضدار، 2 کوہلو، 1 شخص ڈی کا تھا، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال مون سون بارشوں کے دوران اب تک مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق 16 زخمی ہو گئے۔ تحکمہ ڈی ایم اے بلوچستان کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق رواں سال یکم جون سے 31 جولائی..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

طبی سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال ڈیرہ بگٹی میں بلڈ بینک فعال کرنے کا اعلان

بروقت خون کی فراہمی سے قیمتی جانیں بچانے میں مدد ملے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی کے بیر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں بلڈ بینک کے مکمل طور پر فعال نہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان، مائنز اینڈ منرلز پر فعال کمیٹی قائم، 15 روز کی پابندی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں امن و امان کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت بلوچستان نے صوبے کے تمام اضلاع میں مائنز اینڈ منرلز..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کی موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ

سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس اگست میں بلائے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) حکومت نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس اگست..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد دہشتگردی تربیت میں پہلی بار تین خواتین اہلکار شامل

بلوچستان پولیس کی تینوں خواتین نے رضاکارانہ تربیت میں حصہ لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بلوچستان پولیس کی تین خواتین اہلکاروں نے رضاکارانہ طور پر انسداد دہشتگردی..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

تربیت میں مختلف ٹریننگ کورسز کے جاں بحق مزدوروں کی میتیں کوئٹہ پہنچنے کے بعد آبائی علاقوں کو روانہ کی جا رہی ہیں

حکمرانوں کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں، قومی حکومت قائم کی جائے، بیرسٹر گوہر

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی یا پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے کسی قسم کا کوئی رابطہ نہیں ہوا

پی پی کو 90 فیصد سے زائد عوامی حمایت حاصل، سوشنے صوبے بنا دیں تو بھی پی ٹی آئی ہی کامیاب ہوگی، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (یوسف رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر خان نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی پارٹی کی شب آخر تھوں کے لیے معائنے کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، جہاں سے پیک اپ کے بعد انہیں دوبارہ اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں بھی بعد ازاں اس منتقلی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اس کی کسی قسم کا کوئی رابطہ نہیں ہوا، انہوں نے موجودہ خلام کو تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بتایا جائے کہ ملک کو 70 ارب ڈالر مقروض کون لے کر گیا۔ ان کے مطابق جب سے ملک "نئے پاکستان" سے "ہمارے پاکستان" کی طرف گیا، جب سے چینی کا سلسلہ شروع ہوا، معیشت برباد ہو گئی، معیشت خراب ہوئی اور عوام کا نظام پر اعتماد ختم..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے امریکی طیاروں کی تباہی کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کر دیں

سیٹلائٹ تصاویر میں اردن کے موفق السلط ایئر بیس پر موجود بوئنگرز دکھائے گئے، جہاں امریکی ایف-35 طیارے موجود تھے

تصاویر کا مقصد دنیا کے سامنے حقائق لانا ہے، میڈیا سینٹر شرم ختم اور درست معلومات دنیا تک پہنچائے، پاسداران انقلاب

آبنائے ہرمز، امریکی جنگی طیاروں اور بحری بیڑے کا رنگ بدلنے کے متعلق گردش کرنے والی اطلاعات درست نہیں ہیں، امریکی سینٹکام

آزاد کشمیر: تشدد پر علی رضا سید کی مذمت، تحقیقات کا مطالبہ

قیمتی جانوں کا نقصان اور متعدد افراد کا زخمی ہونا افسوسناک عمل ہے

تشدد کسی مسئلے کا حل نہیں، کشمیر کونسل یورپی یونین کے چیئرمین کا بیان

مظفر آباد (مرذا) آزاد کشمیر میں حالیہ پرتشدد واقعات پر کشمیر کونسل یورپی یونین کے چیئرمین علی رضا سید نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انسانی جانوں کے ضیاع کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ مرپور، راولاکوٹ اور دیگر علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں قیمتی جانوں کا نقصان اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی قربانیاں امن کے قیام کی ضمانت ہیں، سرفراز بگٹی

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (ٹی این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آئی جی پولیس ہیڈ آپریشن پر کیپٹن وقار فورسز خوارج حسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کوئٹہ کے قریب دہشتگردی کے واقعات میں ملوث دہشتگرد سرپرستی میں سرگرم تھے، دہشتگرد منصوبے کو ناکام بنا کر بے شمار قیمتی انسانی جانیں تحفظ دیا ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کی معیشت کیلئے خطرہ پیدا کر سکتی ہے، وزارت خزانہ

گزشتہ مالی سال میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 2.477 ارب ڈالر سے کم ہو کر 1.636 ارب ڈالر رہ گئی، 33.9 فیصد کی ریکارڈ

بہتر معاشی بنیادوں، زرمبادلہ ذخائر میں بہتری اور حکومتی تیاریوں کے باعث پاکستان ایسے جھٹکوں سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت رکھتا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزارت خزانہ نے عالمی مالیاتی فنڈ کے دباؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیورسز کی بروقت ادائیگی اور موثر کارروائی سے پاکستان کو درپیش چیلنجز پر قابو پایا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق گزشتہ مالی سال میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 2.477 ارب ڈالر سے کم ہو کر 1.636 ارب ڈالر رہ گئی جو 33.9 فیصد کی ریکارڈ کمی ہے۔ یہ کمی بڑھتی ہوئی عالمی کشیدگی کے باعث پاکستان میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کا اظہار کرتے ہوئے جولائی 2026 میں سامنے آنے والی رپورٹ کے مطابق سال 2021 سے 2025 کے دوران بلوچستان بھر میں مختلف کوئلہ کانوں اور دیگر معدنیات کی کانوں میں پیش آنے والے حادثات..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی 9: نواب جنگیزمری کی کامیابی کالعدم

الیکشن ٹریبونل نے 4 سیٹلمنٹ پر دوبارہ پولنگ کا حکم جاری کر دیا

کوئٹہ (ٹی این) جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے میر نصیب اللہ خان کی طرف سے دائر کردہ الیکشن پٹیشن نمبر 52/2024 پر فیصلہ سنا دیا..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

الزام کی بجائے جائزہ لیں عوام نے کیوں مسترد کیا، امیر مقام

آزاد کشمیر میں حکومت اور انتخابیہ پیپلز پارٹی کے زیر اثر ہے، خطابہ

بے بنیاد الزامات کی بجائے عوامی فیصلے کا احترام کریں، بلاول کو جواب

مظفر آباد (مرذا) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر امیر مقام نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے آزاد کشمیر انتخابات کے حوالے سے..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کنگنا راناوت نے بھارتی جین زی کو گڑ جریش قرار دیدیا

احتجاج کی ویڈیوز دیکھ کر شدید ذہنی کوفت کا شکار ہوئی ہوں، اداکارہ

بھوپال (مرذا) بالی ڈوڈا اداکارہ اور رکن پارلیمنٹ کنگنا راناوت نے بھارت کے جین زی کو گڑ جریش قرار دے دیا۔ حال..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے امریکی طیاروں کی تباہی کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کر دیں

سیٹلائٹ تصاویر میں اردن کے موفق السلط ایئر بیس پر موجود بوئنگرز دکھائے گئے، جہاں امریکی ایف-35 طیارے موجود تھے

تصاویر کا مقصد دنیا کے سامنے حقائق لانا ہے، میڈیا سینٹر شرم ختم اور درست معلومات دنیا تک پہنچائے، پاسداران انقلاب

آبنائے ہرمز، امریکی جنگی طیاروں اور بحری بیڑے کا رنگ بدلنے کے متعلق گردش کرنے والی اطلاعات درست نہیں ہیں، امریکی سینٹکام

سورنج کان حادثے میں جاں بحق مزدوروں کے لواحقین غم سے نڈھال نظر آ رہے ہیں

بلاول بھٹو کیخلاف غیر مہذب زبان ناقابل قبول ہے، حیات اللہ کاکڑ

سیاسی اختلاف کی آڑ میں ذاتی حملے اور غیر شائستہ زبان کو برداشت نہیں کیا جائیگا

تمام سیاسی جماعتیں باہمی احترام، سیاسی رواداری اور جمہوری اقدار کو فروغ دیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل ممبر حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے خلاف غیر مہذب اور نامناسب زبان کا استعمال نہ صرف سیاسی روایات کے منافی ہے بلکہ یہ جمہوری اقدار کے بھی خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری ایک قومی رہنما ہیں اور ملکی سیاست میں مثبت، جمہوری اور عوامی کردار ادا کر رہے ہیں۔ سیاسی اختلاف پر فرد کا حق ہے، لیکن اختلاف رائے کی آڑ میں ذاتی حملے اور تضحیک آمیز رویہ اور غیر شائستہ زبان کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک قانون پر مبنی جماعت ہے، جو ہمیشہ سے آئین، جمہوریت اور عوام کی بھرپور خدمت کرتی رہی ہے اور تمام سیاسی جماعتوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ باہمی احترام، سیاسی رواداری اور جمہوری اقدار کو فروغ دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور ملک کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

ایم این اے عادل بلوچ، کرن بلوچ و دیگر کا بلوچستان ریفارمز مشن لیب ورک سٹاف بلوچستان ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے ہمراہ فوٹو

سریاب ڈاکخانہ میں بل وصولی فوری بحال کی جائے

بل وصولی بند ہونے سے ہزاروں شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں

پوسٹل حکام فوری نوٹس لیکر عوام کو ریلیف فراہم کریں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سینئر رہنما اور صوبائی نظیم شوریٰ کے رکن عبدالقادر رودینی نے اپنے ایک سخت ردعمل میں کہا ہے کہ سریاب ہی ایف بلاک اسٹیم کے ڈاکخانہ میں پیٹنگی بلوں کی وصولی کی سہولت بند ہونے سے ہزاروں شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ بزرگ شہری، خواتین، معذور، طلبہ اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والے افراد آج معمولی بل بھی ادا نہیں کر پا رہے ہیں اور دور دراز علاقوں کا رخ کرنے پر مجبور ہیں، جس سے ان کا وقت، وسائل اور سکون ضائع ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکخانوں ک

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

حفاظتی تدابیر نظر انداز ہونے سے آئے روز مزدور جاں بحق ہو رہے ہیں، سیاسی رہنما

تمام کوئلہ کانوں میں عالمی معیار کے حفاظتی اقدامات اور لیبر قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے

سانحہ سورنج کی شفاف تحقیقات، ذمہ داروں خلاف کارروائی کی جائے، رہنماؤں کا اظہار تشویش

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کھرمنگ کی انتہائی بے رحم درندہ صفت مزدور کش کوئلہ کانوں میں مزدوروں کی زندگیاں داؤ پر لگا رہی ہیں، سورنج کوئلہ کان میں حفاظتی انتظامات کے فقدان کا نتیجہ ہے، ہر سال کانوں میں حفاظتی انتظامات کی عدم موجودگی کے باعث آئے روز کئی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ ایسے سانحات کی روک تھام صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، رہنماؤں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ حادثے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، غفلت کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، شہداء کے ورثاء کو فوری اور مناسب مالی امداد، مستقل روزگار اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں تبکہ زخمی مزدوروں کو بہترین طبی سہولیات میسر کی جائیں۔ رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ بلوچستان بھر کی تمام کوئلہ کانوں میں بین الاقوامی معیار کے حفاظتی اقدامات، مائینرز سیفٹی، حفاظتی آلات اور لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ محنتی مزدور ایسے المناک واقعات سے بچا جا سکے۔ سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے شہید مزدوروں کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ محنت کش اپنے حق، مال کے تحفظ اور ان کے حقوق کے لیے پرزور پرآواز بلند کی جائے گی۔

گوادر، ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور اپنی آرمی متعلقہ امور کے جائزے کیلئے حفاظتی جیکٹوں کے فیچر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کان کنوں کی جانوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، بلوچستان حساس لیبر فیڈریشن

کوئلہ کانوں میں حفاظتی نظام کو جدید اور فعال بنایا جائے، لیبر فیڈریشن کا حکومت سے مطالبہ

سانحہ سورنج پر اظہار افسوس، فوری تحقیقات اور مالی امداد شہداء کے تحت دی جائے، خان زمان و دیگر

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، جنرل سیکرٹری شیر احمد رند، سینئر جنرل قاسم خان کاکڑ، عالی محمد امیر شاہوانی، ماہ بیگ محمد مرتکب، عارف خان بلوچ، دین محمد مستی، ملک دوست کاکڑ، ملک محمد حسین بنگلزئی، ظفر خان، نور محبوب اللہ، لکھو سید مشوشہ، فضل محمد پسوانی، انجینئر نجیب اللہ مری اور دیگر رہنماؤں نے سورنج کوئلہ کان میں کیس بھرنے کے باعث ہونے والے ہولناک دھماکے میں 34 زائد محنت کش مزدوروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کوئلہ کان میں مزدوروں کا بنیادی مقصد اپنے بال بچوں کو پالنے کے لیے کام کرنے میں جان بھی نچھاور کرنا ہے، کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات کی عدم موجودگی کے باعث آئے روز قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ ایسے سانحات کی روک تھام حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ رہنماؤں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ سانحے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، غفلت کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، شہداء کے ورثاء کو فوری اور مناسب مالی امداد، مستقل روزگار اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں تبکہ زخمی مزدوروں کو بہترین طبی سہولیات میسر کی جائیں۔ رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ بلوچستان بھر کی تمام کوئلہ کانوں میں بین الاقوامی معیار کے حفاظتی اقدامات، کیس مائینرز سیفٹی، حفاظتی آلات اور لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے المناک واقعات سے بچا جا سکے۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں نے شہید مزدوروں کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ محنت کشوں کے جان و مال کے تحفظ اور ان کے حقوق کے لیے پرزور پرآواز بلند کی جائے گی۔

سرکاری عمارتوں پر چراغاں، پرچم کشائی کا انعقاد کیا جائے گا، ڈی سی موسیٰ خیل

موسیٰ خیل میں یوم آزادی اور یوم احتفال کشمیر کی تیاریاں حتمی مرحلے میں داخل

موسیٰ خیل: ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق بلیچ کی زیر صدارت 14 اگست یوم آزادی اور یوم احتفال کشمیر کے حوالے سے ایک اہم انتظامی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ اجلاس میں مختلف امور پر فیصلہ کیا گیا



ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق بلیچ کی زیر صدارت اجلاس کا منظر

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

CORRIGENDUM / ADDENDUM

Tender: Major Repair and Renovation of Basic Health Units (38 BHUs) Under Phase-II, FY 2026–27 of PPHI-Balochistan.

Reference No.: PPHI-B/H.O-BLN/CW/2026-2027/02

With reference to the Tender Inviting Notice published in the **Daily Dawn, Jang, and Mashriq on 26th July, 2026,** and the subsequent Addendum published in the same newspapers on **29th July, 2026** regarding the addition of the remaining lot(s), it is hereby notified that the Bills of **Quantities (BOQs) for all Lots** of the above-mentioned tender have been revised.

Furthermore, the **last date for submission of bids** has been **extended from 13th August, 2026 to 17th August, 2026. The time and venue for bid opening shall remain unchanged** as specified in the original Tender Inviting Notice.

The revised tender documents incorporating the above amendments are available for obtaining/downloading from the PPHI-B Official Website. All other terms and conditions of the Tender Inviting Notice and bidding documents shall remain unchanged.

DIRECTOR ADMIN & PROCUREMENT
PPHI - BALOCHISTAN | TEL: 081-2863620

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

CORRIGENDUM / ADDENDUM

Tender: Provisioning of IT Equipment for PPHI-Balochistan

Reference No.: PPHI-B/H.O BLN/2026-27/01/(IT)

With reference to the Tender Inviting Notice published in the **Daily Dawn, Jang, and Mashriq** on **24th July, 2026,** it is hereby notified for the information of all prospective bidders that the **Data Sheet / Schedule of Requirements** of the tender documents has been revised by the addition of item **at Serial Nos. 13 to 21.**

The revised tender documents incorporating the above amendments are available for obtaining/downloading from the PPHI-B Official Website. All other terms and conditions of the Tender Inviting Notice and bidding documents shall remain unchanged.

DIRECTOR ADMIN & PROCUREMENT
PPHI - BALOCHISTAN | TEL: 081-2863620

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

PPHI-B

JOB OPPORTUNITIES

The People's Primary Healthcare Initiative (PPHI) Balochistan, registered under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984 (now the Companies Act, 2017), invites applications for the following vacancies in PPHI Balochistan Tele-Health Nerve center Quetta on a purely temporary basis.

Name of Posts	No of Posts	Salary Package (Monthly)	Qualification / Experience	Age
Gynaecologist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	05 (Quetta City)	400,000/- plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Gyne and Obs. With preferably 5 years of experience in the relevant field. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT / computer skills	Less than 55 years
Paediatrician (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	02 (Quetta City)	400,000/-plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Paediatrics. Candidates having 5 years experience will be preferred. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT / computer skills.	Less than 55 years
Cardiologist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	02 (Quetta City)	400,000/- plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Cardiology. Candidates having 5 years experience will be preferred. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT / computer skills.	Less than 55 years
Pulmonologist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	01 (Quetta City)	400,000/- plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Pulmonology. Candidates having 5 years experience will be preferred. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT / computer skills.	Less than 55 years
Infectious Diseases/ Medicine Specialist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	02 (Quetta City)	400,000/-plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in infectious disease or medicine with minimum 5 years post qualification experience. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT/ computer skills.	Less than 55 years
Dermatologist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	01 (Quetta City)	400,000/-plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Dermatology. Candidates having 5 years experience will be preferred. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT/ computer skills.	Less than 55 years
Psychiatrist (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	02 (Quetta City)	400,000/-plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS with postgraduation in Psychiatry. Candidates having 5 years experience will be preferred. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT/ computer skills.	Less than 55 years
Lady Medical Officer (Tele-Health Nerve Centre Quetta)	110 (Quetta City)	135,000/- plus 50,000/- Telehealth Allowance, including tax. (Gross Pay)	MBBS degree holders with a valid PMDC certificate are encouraged to apply. Preference will be given to those candidates having proficiency in IT/computer skills.	18 to 55 years

Terms and Conditions:

1. The positions will be filled purely on a temporary basis under the control and management of PPHI-B for one year initially, extendable on an annual performance report.
2. Applicants holding local domicile shall be given preference.
3. Only the short-listed candidates will be called for the written test & interview on a date and time to be communicated.
4. On detailed scrutiny of documents, if found ineligible, his/her candidature will be rejected.
5. No TA/DA is admissible for appearing in the test/interview.
6. The Company reserves the right to amend/cancel the hiring process or the number of posts at any stage.
7. All the applicants who had applied through previous advertisement may apply a fresh on new job portal of PPHI-Balochistan in pursuance of this advertisement against the given posts.
8. In addition to salary. Risk Allowance & Pay for Performance (P4P) shall be admissible as per rules and policy of PPHI-B from time to time.

How to apply:

1. **Application Submission:** Interested candidates are required to apply through the career portal **(https://Jobs.pphib.org/)** by completing the online application form no later than **24th August, 2026.**
2. **Shortlisting & Assessment:** PPHI-B will contact shortlisted candidates to appear in the written Test/Interview.
3. **Selection:** Offer letters will be issued to candidates who successfully clear all stages of the process. However, candidates on the waiting list will be offered the positions in case of non-joining of selected candidates in due course of time.
4. **Note:** Applications submitted by hand or any other mode except the prescribed will not be accepted.

Director Human Resource PPHI Balochistan | Address: 8-A Jinnah Town Samungli Road Quetta, Balochistan.
For queries, feel free to contact on the followings Call: 081-2863620, 081-2862623, Email: it_support@pphib.org

ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور اپنی آرمی متعلقہ امور کے جائزے کیلئے حفاظتی جیکٹوں کے فیچر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آزاد جموں و کشمیر الیکشن، کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات مکمل

راولپنڈی کے 100 پولنگ اسٹیشنز 3100 سے زائد پولیس اہلکار تعینات

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آزاد جموں کشمیر الیکشن 2026ء کے پی او ممتاز مشتاق منگلا ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مؤثر سکیورٹی انتظامات، راولپنڈی کے 100 پولنگ اسٹیشنز پر پولیس کے 3100 سے زائد افسران فرائض سرانجام دیں گے۔ ٹریفک پولیس کے 200 سے زائد افسران ٹریفک فرائض سرانجام دیں گے، تھانہ ٹی، گنجوٹ ہی، ریتہ امرال، چوہدری واحد خان، بنی، نیلہ ٹاؤن، صادق آباد، چکلالہ، سول لائنز، کینٹ، ریس کورس، کیلسا، واہ لیٹ، صدر، چوہدری، دھمیال، کوہاٹ، چونترہ، دوراہ، مندرہ، گوجر خان، جاگی گلزیاں اور کہوٹہ کے علاقوں میں پولنگ اسٹیشنز قائم کئے گئے ہیں، پی ایچ او اسٹن ممتاز سکھیرا کا کہنا تھا کہ پولنگ اسٹیشنز پر فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی

شاہکار، کوئلہ کان حادثے میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں سے اظہار یکجہتی کیلئے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

تربت اور خضدار یونیورسٹیز کو آبی وسائل کی بحالی کا کام کریں گی ایم او یو دستخط

آبی ایم او یو کے تعاون سے پانی، زراعت اور چراگاہوں کی بہتری کیلئے مشترکہ پروگرام شروع

تربت (ٹی این) تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت دستخط، اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کا عزم یونیورسٹی آف تربت اور بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے مابین ریوائل آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام پر مفاہمت کی گئی ہے۔ اہم مقاصد میں زراعت، دیہی معاش اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے ایک اہم اقدام کے طور پر مشترکہ کوششوں کو مضبوط کرنا ہے۔ اس معاہدے کے تحت دونوں جامعات اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کریں گے۔ اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے مالی تعاون سے جاری اس پروگرام

سول ہسپتال، وارڈ کے سامنے میں ہوں لگا رہا ہے

گدانی بحوالہ سوشل میڈیٹر جسٹ کا اپنی کشمیر جمعہ اور منہ وشیل کو خراج تحسین

گدانی (اے این این) بحوالہ سوشل میڈیٹر جسٹ کا سربست اعلیٰ میر مبارک بلوچ میڈیٹر جسٹ کا میر عبدالغفور خانیزہ و دیگر جملہ اراکین نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ اپنی کشمیر جمعہ اور منہ وشیل ایک ذمہ دار ملک شخص ہیں کیونکہ ان کے دروازے ہر عام و خاص کیلئے کھلے رہتے ہیں وہ سب کو یکساں سنتے ہیں جو فوری حل طلب مسائل ہیں ان پر فوری طور پر نوٹس لیتے ہیں اور حل کرتے ہیں اپنی شکایتیں کے تمام معاملات و تنبیہات سے دیکھتے ہیں عوامی مشکلات کو دور کرنے کے لیے ہر وقت تیار رہتے ہیں جس میں ہم اپنی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جس کی وہ مستحق ہیں ہم آمید کرتے ہیں کہ اپنی کشمیر جمعہ اور منہ وشیل کے عوامی مسائل حل کرنے کے لیے اپنی کوششوں کو جاری رکھیں گے۔

ہنگور ریلوے نی سی ایل کی نا ہلی کا کردگی باعث تشویش ہے

ہنگور (پریس ایسے) انجمن تاجران ہنگور نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہنگور میں PTCL کی انٹرنیٹ اور ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کے حوالے سے تاجروں اور عام صارفین کی جانب سے مسلسل شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ کاروباری برادری کا موقف ہے کہ بلند بلوں اور داخلات کی بیروقت ادائیگی کے باوجود انہیں معیاری اور تسلی بخش سروس فراہم نہیں کی جا رہی، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ تاجران نے کہا کہ انجمن تاجران اس سے قبل بھی متعلقہ ذمہ دار آلات کے ظہور ہونے کی صورت میں فوری حل پر مبنی کانوں کا انتظام متوسلہ کیا جائے، ذمہ داروں کا تعین کر کے ان کے خلاف قوہداری مقدمات دائر کیے جائیں، وفاقی حکومت کو ایک کردہ رپورٹ فی کس معاوضہ ادا کیا جائے، ان کے بچوں کو وقت طلبی سہولیات فراہم کی جائیں، بیماندگان میں سے ایک فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کی جائے اور کانوں کو معقول سیکورٹی فراہم کی جائے۔

ہنگور وار ریلوے سٹیشن لسٹ میں اضافہ خوام دوست اقدام ہے۔ اے این پی

ہنگور (پریس ایسے) آل پارٹیز ہنگور کی جانب سے ہنگور کے دونوں پارٹیز کے ارکان اور پیپلز پارٹی نوٹ لسٹوں میں اضافہ کے حوالے سے ایک پیس کانفرنس میں کمانڈنٹ ایف سی ہنگور اور چیئرمین جنرل ظفر اقبال کی عوام دوست پالیسی پر مسرت کا اظہار کیا گیا اور کاروباری حضرات کی جانب سے ان کی عوام دوست پالیسی کو سراہا گیا آل پارٹیز کے رہنماؤں حاجی محمد لعیب، ہوباری، ہوباری فہاد، مولانا علی احمد، بابر علی، بلوچ، محمد شعیب اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خواہشات اور پارٹیز کی اپیل پر کمانڈنٹ ایف سی ہنگور راکٹر میجر جنرل ظفر اقبال کی جدید آئی ایف سی ساتھ کی زاتی دلچسپی پر جرگ پارٹز نوٹ لسٹ میں 175 سے اضافہ کر کے اب 269 کر دیا گیا ہے اور پیچلی نوٹ لسٹ کے 125 سے بڑھ کر 188 کر دیا گیا ہے اور اس اہم دوست پالیسی سے عوام اور خصوصا کاروباری طبقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مثبت فیصلہ سے یہاں کے مزدور طبقہ میں بھی بہتری آئے گی

مبینہ غفلت پر سوہائی کمتب اور عدالت سے رجوع کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این این) پشتون آباد کے رہائشی سید نور خان اچکزئی اور اہیان پشتون آباد نے کہا ہے کہ پشتون آباد کی جدید آبادی، نیب ویلی گلی نمبر 11 میں پچھلے چار سال سے پانی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اہیان علاقہ واسا کے تمام دفاتر اور انتظامی افسران چاہے وہ پیر وہاب ہوں یا ڈاکٹر علی، کاسب سے کہا جا رہا چکر لگا چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام متعلقہ حضرات، جہاں جہاں اور جن جن افسران سے رجوع کیا ہے، اکثر کے جلد سوہائی کمتب اور عدالت کے پاس جائیں گے

اے ٹی ایف کورس کی اپاسنگ آؤٹ پریڈ 2084 اہلکاروں نے تربیت مکمل کر لی، فاروق اسد

بلوچستان پولیس کے 4258 جوان انسداد دہشت گردی کی تربیت حاصل کر چکے ہیں، کمانڈنٹ

اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کیلئے لاؤنس، میس چارجز اور تربیتی فنڈ میں اضافے کی اشد ضرورت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کے کمانڈنٹ کرنل (ر) اسد فاروق نے کہا ہے کہ اے ٹی ایف سکول میں ایس ایس جی کمانڈو، اے ٹی ایف انسٹرکٹر چار ماہ کے تربیتی کورس میں انسداد دہشت گردی کی تربیت دیتے ہوئے نوجوانوں کو خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار کرتے ہیں اب تک بلوچستان پولیس کے 4258 نوجوان کامیابی سے جیک اے ٹی ایف کورس کر چکے ہیں اور آج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں 3 بہادر پولیس کانسٹیبل تربیت مکمل کرتے ہوئے 284 جوانوں نے ٹریننگ حاصل کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس کے قیام میں پولیس کا کردار بھیشہ سے ہی غیر معمولی رہا ہے اور یہ غیر معمولی کردار جوانوں کو دی گئی پیشہ ورانہ تربیت کی مرہون منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسٹاف اور کیڈٹس اے ٹی ایف 40 فیصد جیک یہ چارج 2011ء اپریل رہا ہے اور اسی لاؤنس کو اے ٹی ایف ہیڈ کوارٹر کی جانب سے ریوائز کرنے کی سمری منظور کی اور 2022ء جب میس دوکانا کیا جائے۔

موسیٰ خیل، ڈی سی عبدالرزاق بلیچ یوم آزادی اور یوم احتفال کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور ائرن ڈیپارٹمنٹس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بینظیر ہنر مند پروگرام سے مستحق افراد کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، عدیلہ

بی آئی ایس پی اور پنجاب اسکلز ڈویلپمنٹ فنڈ میں ہنر مند پروگرام کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

دونوں ادارے عمل کر خواتین اور نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق فنی تربیت فراہم کریں گے

